حق کو باطل پر غلبہ حاصل ہوگا، جملہ بلاد و امصار میں اللہ تعالیٰ کی خصوصی اور عمومی مدد مومنوں کے شامل حال ہوگی اور ان کے ظاہری اور باطنی احوال سدھر جائیں گے۔ کیونکہ یہی یقین کامل جب ہمارے ان سلف صالحین کو حاصل ہوا، جنھوں نے اللہ تعالیٰ سے کیے گئے عہد و پیمان سچ کر دکھائے تو اللہ تعالیٰ نے بھی ان سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا۔ چنانچہ ان کے لشکروں کی خصوصی معاونت فرمائی تو اقصائے عالم میں انھوں نے اپنی فتوحات کے پھریرے لہرائے اور اس "القاہر" و "قہار" کی مدد سے وہ سب پر غالب آ گئے! (جاری ہے)

شعر و ادب

جناب فضل انبالوی

عظمتِ بشر

خطا کا پتلا ہے بے شک انسان یہ کہنا پڑتا ہے لامحالہ
اسی بشر کو خدا نے اپنے کرم سے بخشا ہے مقام اعلیٰ
کیا سبھوں نے خدا کی وحدانیت کا دنیا میں بول بالا
جہاد کا ولولہ ابھارا، دلوں سے ڈر موت کا نکالا
ملائکہ سے کرا کے سجدہ خدا نے بخشی بشر کو عظمت
کہ عالم رنگ و بُو میں لے دے "بس یہی تو ہے" کا حوالہ
"هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا"
کہیں کھلے ہیں گلاب ہر سُو، کہیں پہ روشن چراغ لالہ
جنھیں نبوت عطا ہوئی تھی، سرشت میں تھے بشر ہی سارے
کیا انھوں نے خدا کی وحدانیت کا، دنیا میں بول بالا
محمدؐ مصطفےٰ نے امت کو گُر سکھائے عبودیت کے
جہاد کا ولولہ ابھارا، دلوں سے ڈر موت کا نکالا
نہیں کسی میں وہ جاذبیت جو مصطفےٰ کو عطا ہوئی تھی
انہی کی جدوجہد سے پھیلا جہاں میں توحید کا اُجالا
یہ دل میں مدت سے ہے تمنا کہ فضل سے ہو کوئی کام ایسا
جو ملک و ملت کا یہ سفینہ اسی سے پا جائے کچھ سنبھالا